نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

رمضان المبارک کے دوران عوام کومعیاری اور کم قیمت اشیائے ضروریہ کی فراہمی کا مشن

وزیرخوراک اور وزیرزراعت کا بادامی باغ سبزی وفروٹ منڈی کا دورہ، نیلامی کی مانیٹرنگ، اجلاس کی صدارت،

پیاز کی کم قیمت پر دستیابی یقینی بنانے کیلئے مختلف مقامات پر ٹرکنگ پوائنٹس قائم کرنے کی ہدایت

مارکیٹ میں پیاز،ٹماٹر اور آلو کی سپلائی کو بہتر بنانے کیلئے ترجیحاً اقدامات کیے جا رہے ہیں،صوبائی وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی

حکومت پھلوں اور سبزیوں کی قیمتوں میں کمی کی کیلئے اقدامات اٹھا رہی ہے،وزیر خوراک بلال یاسین

لاہور13مارچ2024: رمضان المبارک کے دوران شہریوں کومعیاری، وافر اور کم قیمت اشیائے ضروریہ کی فراہمی کا مشن جاری ہے۔اس مقصد کیلئے صوبائی وزیر خوراک بلال یاسین اور وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی نے بادامی باغ سبزی وفروٹ منڈی کا دورہ کیا۔اس موقع پر کمشنر لاہور محمد علی رندھاوا اور ڈپٹی کمشنر رافعہ حیدر بھی صوبائی وزرا کے ہمراہ تھے۔صوبائی وزیر خوراک اور وزیر زراعت نے سبزی وفروٹ منڈی میں پیاز کی نیلامی کے عمل کو مانیٹر کیا اور موقع پر ہدایات دیں۔صوبائی وزرا نے مارکیٹ کمیٹی اور آڑھتیوں کے اجلاس کی صدارت کی اور مارکیٹ میں سبزی وفروٹ کی سپلائی کو بڑھانے کی ہدایت کی تاکہ قیمتوں میں خاطر خواہ کمی لائی جا سکے۔مارکیٹ کمیٹی ذمہ داران اور آڑھتیوں کے وفد نے صوبائی وزرا کو یقین دہانی کروائی کہ کل سے مارکیٹ میں پیاز،ٹماٹر اور آلو کی سپلائی میں اضافہ کیا جائے گا جس کی بدولت آنے والے دنوں میں ان اجناس کی قیمتوں میں کمی آئے گی۔صوبائی وزیر خوراک بلال یاسین نے اجلاس میں ہدایت کی کہ درآمد میں اضافے اور مارکیٹ میں بہتر مینجمنٹ سے اشیائے خورونوش کی قیمتیں کم کی جائیں۔وزیر خوراک نے کہا کہ قیمتیں کم ہوں گی تو عام آدمی کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مل سکے گا جو ہمارا اصل مشن ہے۔صوبائی وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ شہریوں کو معیاری اور کم قیمت پر اشیائے ضروریہ کی دستیابی کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں۔انکا کہنا تھا کہ ماہ مبارک میں شہریوں کومعیاری، وافر اور کم قیمت اشیائے ضروریہ کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔صوبائی وزرا کا کہنا تھا کہ حکومت پھلوں اور سبزیوں کی قیمتوں میں کمی کی کیلئے اقدامات اٹھا رہی ہے اور مارکیٹ میں پھلوں کیساتھ ساتھ پیاز،ٹماٹر اور آلو کی سپلائی کو بہتر بنایا جا رہا ہے جو قیمتوں میں کمی کیلئے ناگزیر ہے۔انہوں نے کہا کہ انتظامیہ مارکیٹ کے تمام عوامل پر بھرپور نظر رکھے اور بہتر مینجمنٹ سے عوام کیلئے ریلیف یقینی بنایا جائے۔

☆☆☆☆